ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(195)

مورخہ01/04/2023

**بہاولپور(       )ڈی پی او سید محمد عباس کا آٹا تقسیم پوائنٹس پر سیکیورٹی کے انتظامات کا جائزہ۔سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات۔ڈی ایس پیز اور ایس ایچ اوز فیلڈ میں موجود،سیکیورٹی انتظامات کی خود نگرانی کر رہا ہوں۔شہریوں کیلئے پرامن ماحول مہیا کرنے کیلئے پولیس سرگرم عمل ہے۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ آف پنجاب اور آئی جی پنجاب کی آٹا پوائنٹس کی سیکیورٹی بارے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او سید محمد عباس نے سیکیورٹی کے انتظامات مزید سخت کرنے کا حکم دے دیا۔ڈی پی او سید محمد عباس نے شہر کے اہم آٹا پوائنٹس ڈرنگ اسٹیڈیم اور عباسیہ ہائی سکول کا وزٹ کیا اور سیکیورٹی بارے ڈیوٹی پر موجود افسران کو مزید ہدایات جاری کیں۔ڈی ایس پی صدر سرکل بہاولپور نے اپنے سرکل میں موجود مسافر خانہ،عباسنگر اور نور پور کے آٹا پوائنٹس کا وزٹ کیا اور سیکیورٹی پر موجود افسران کو چیک کیا اس کے علاوہ تمام ایس ڈی پی اوز نے اپنے اپنے سرکل کے آٹا پوائنٹس پر موجود سکیورٹی کا جائزہ لیا۔بہاولپور میں تمام آٹا پوائنٹس پر پولیس کی بھاری نفری تعینات کی گئی ہے۔جن کی حاضری اور ڈیوٹی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔تمام ایس ڈی پی اوز اپنے اپنے سرکل میں جبکہ ایس ایچ اوز اپنے تھانہ جات کی حدود میں روزانہ کی بنیاد پر آٹا تقسیم کا عمل شروع ہونے سے لیکر ختم ہونے تک موجود رہتے ہیں۔ڈی پی او سید محمد عباس نے دوران وزٹ افسران واہلکاروں کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ تمام شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔شہریوں سے حسن اخلاق سے پیش آیا جائے۔کوشش کریں کسی قسم کی بدنظمی پیدا نہ ہو،تاکہ گورنمنٹ کی طرف سے دی جانے والی سہولت کو نظم وضبط قائم کرتے ہوئے ہر شہری تک با آسانی پہنچایا جا سکے۔پولیس کی ذمہ داری ہیکہ تمام شہریوں خصوصا بزرگ اور خواتین کیلئے ایک ایسا ماحول مہیا کریں جس سے ان کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔انہوں نے مزید کہا کہ اس دوران مشکوک افراد اور جرائم پیشہ عناصر پر بھی کڑی نظر رکھی جائے تاکہ کوئی ناخوشگوار واقعہ رونما نہ ہو۔ڈی پی او نے اس موقع پر شہریوں سے بھی گفتگو کی اور آٹا تقسیم سے متعلق انکے مسائل معلوم کر کے موقع پر حل کرنے کی احکامات بھی جاری کیے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور:ڈی پی او سید محمد عباس کا شہر کے مختلف آٹا تقسیم پوائنٹس پر سیکیورٹی کے انتظامات کا جائزہ،سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(196)

01-04-2023

**بہاولپور(      )ڈی پی اوسید محمد عباس کی طرف سے پولیس ڈیپارٹمنٹ میں نئے ترقی پانے والے بہاولپور کے ایس پیز کے اعزاز میں پروقار وپرتکلف عشائیہ کا اہتمام۔ڈی پی او نے نیک خواہشات کا اظہار کیا مستقبل میں آپکے کامیاب کیرئیر کیلئے دعا گو ہوں۔ڈی پی اوسید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے بہاولپور کے نئے ترقی پانے والے ایس پیز کے اعزاز میں بہاول جم خانہ میں پروقار وپرتکلف عشائیہ کا اہتمام کیا گیا۔ایس پی عابد وڑائچ اورایس پی شمس خان اس تقریب کے مہمان تھے۔اس موقع پر ایس پی انویسٹیگیشن سلمان لیاقت،ڈی ایس پی سٹی سرکل محمد عظیم،ڈی ایس پی صدر سرکل اظہر گیلانی،ڈی ایس پی لیگل عبدالرف،ڈی ایس پی یزمان لعل محمد کھوکھر،ڈی ایس پی احمد پور شرقیہ فرخ جاوید اورڈی ایس پی آرگنائزڈ کرائم جمشید علی نے شرکت کی۔ڈی پی او نے ترقی پانے والے ایس پیز کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔تمام افسران نے خوشگوار ماحول میں گفتگو کی۔اس موقع پر ڈی پی اوسید محمد عباس نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالی نے آپکو قابلیت اور محنت کی بدولت ترقی سے ہمکنار کیا۔میری دعا ہیکہ مستقبل میں آپکا کیرئیر روشن اور کامیاب ہو۔انہوں نے مزید کہا کہ انسان کو عہدہ اللہ تعالی کی طرف سے تفویض کردہ ہوتا ہے ہر ممکن کوشش ہو کہ اس ملک وقوم کی ترقی اور کامرانی میں اپنا مثبت کردار ادا کریں۔اس موقع پر مہمانان نے گفتگو کرے ہوئے کہا کہ ہم آئی جی پنجاب کے بے حد مشکور ہیں جنہوں نے میرٹ کی بنیاد پر ترقی کا عمل تیز کیا۔ہماری حتی الامکان کوشش ہوگی کہ سینئر افسران اور خصوصاعوام کی امیدوں پر پورا اتریں۔مزید کہا کہ ہم ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کے مشکور ہیں جنہوں نے اس موقع پر ہمیں مدعو کیا اور ہماری خوشیوں میں شریک ہوئے۔

**ترجمان پولیس بہاولپور**



بہاولپور:ڈی پی اوسید محمد عباس کی طرف سے نئے ترقی پانے والے بہاولپور کے ایس پیز کے اعزاز میں تقریب کا اہتمام